| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے 'حرف 'ء' کی پہچان کرسکیں'۔ مختلف الفاظ میں اس کا استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف ا تا ء کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ء' کا درست تلفظ آواز اور اس اشیاء میں حرف 'ء' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ء' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ء' ہے۔ 'ء' حروف تہجی کا چھتیسواں حرف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ء' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا بلکہ یہ لفظوں کے درمیان تا آخر میں آتا ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ء' کے ذخیرہ الفاظ (چائے، سائیکل، پاؤں، آئینہ، گائے، دوائی، مئی) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو 'ء' کے الفاظ پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ء' کے کٹ آؤٹس دے کر اس میں مختلف رنگوں سے فنگر پرنٹنگ کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے بار بار 'ء' کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ء' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ 'ء' کون سے حرف کے بعد آتا ہے پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ء' کی پہچان کرسکیں'۔ اور چار الفاظ میں اس کا استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروفِ تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ء' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ء' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>آئس کریم والا — ٹھنڈی آئس کریم لایا<br>آؤ سب مل کر آؤ — ٹھنڈی ٹھنڈی آئس کریم کھاؤ<br>آئس کریم والا — ٹھنڈی آئس کریم لایا<br>بچوں کو حرف ء کے الفاظ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 84 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے حرف 'ء' پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا اور صفحہ نمبر 82 پر دیئے گئے الفاظ بتائے جائیں گے جن میں 'ء' کا استعمال ہوتا ہے حرف 'ء' کی صوتی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی بچوں سے ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ جس میں بچے حرف 'ۂ' اور 'ء' میں سے حرف 'ء' کی نشاندہی کریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید بورڈ پر چائے اور سائیکل لکھ کر بچوں سے ان دو الفاظ میں 'ء' کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>دیئے گئے حروف میں حرف 'ء' کے گرد دائرہ بنائیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 82<br>ہوپ سکوچ گیم<br>ورک شیٹ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ء' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ء' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ کوئی 'حرف 'ء' کی پہچان کرسکیں'۔اور الفاظ میں اس کا استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ء' کا تلفظ،اس کی آواز اوراس کی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔'ء' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈز | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ء' کا درست تلفظ آواز اوراس کی اشیاء میں حرف ء کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ء' کی کہانی سنیں گے۔<br>تین دوست آئمہ،عنایہ اور صائقہ پڑھائی کرنے کے لیے عنایہ کے گھر اکٹھی ہوئیں پڑھائی کرنے سے پہلے عنایہ تمام گھر کی صفائی کرچکی تھی۔اس نے کمرے میں چٹائی بچھائی اور رضائی بھی لا کر رکھ دی کیونکہ سردی کا موسم تھا آئمہ اور صائقہ آتے وقت عنایہ کے گھر مٹھائی اور آئس کریم لے کر آئیں | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو آئس کریم کی ورک شیٹ دی جائے گی اوراس کے ساتھ رنگین کاغذ چھوٹے ٹکڑوں میں کٹے ہوئے دیئے جائیں گے۔بچے آئس کریم میں رنگ بھر کراس پر رنگین کاغذ چسپاں کرکے آئس کریم کو سجائیں گے۔بچوں سے 'ء' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 20منٹ | ورک شیٹ<br>رنگین کاغذ<br>گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید آئینہ اور پاؤں لکھ کر بچوں سے ان دو الفاظ میں 'ء' کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ء' کی پہچان کرسکیں۔ آواز اس کی بناوٹ اور سات الفاظ میں 'ء' کا استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ء' کا تلفظ، اس کی آواز اور جن الفاظ میں 'ء' استعمال ہوتا ہے کی تصاویر دکھا کر نام دہرائے جائیں گے۔ بچوں سے حرف 'ء' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا کہانی میں استعمال ہونے والے 'ء' کا الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | حرف اور اشیاء<br>فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ء' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ء' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو یاد دہانی کروائی جائے گی کہ 'ء' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا یہ مختلف الفاظ میں درمیان یا آخر میں استعمال کیا جاتا ہے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گائے کی تصویر دکھا کر پوچھا جائے گا یہ کونسا جانور ہے؟ تختہ سیاہ پر گائے لکھ کر بچوں کو 'ء' کا استعمال بتایا جائے گا۔ بچوں کو پلے ڈو دے کر 'ء' کی شکل بنانے کی مشق کروائی جائے گی بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 83 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا ہاتھی میں 'ء' استعمال ہوتا ہے بچوں کو 'ء' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ء' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ نمبر<br>83 | |
| | **اختتامیہ:**<br>Salt Tray کی مدد سے 'ء' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | Salt Tray | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ' ء ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ' حرف ء کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی بناوٹ اور مختلف الفاظ میں اس کا استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ' ء ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر ان اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف کر رہے ہیں؟ Sand letters پر حرف ' ء ' کی لکھائی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف ' ء ' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں ' ء ' بنانے کی مشق کروائی جائے گی<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ' ء ' پر پینسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ' ء ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ' ء ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |